نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کے ضلعی افسران اور ڈی سی سٹاک میں موجود سبسڈائزڈ کھاد کی رعایتی نرخوں پر فراہمی یقینی بنائیں

ملازمین حرکت تیز اور سفر آہستہ کی روش ترک کریں، جب سفر طویل ہو تو مسافر علی الصبح بیدار رہتا ہے: سیکرٹری زراعت

لاہور: 13 جنوری 2017 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کے ضلعی افسران اور ڈی سی سٹاک میں موجود سبسڈائزڈ کھاد کی رعایتی نرخوں پر فراہمی یقینی بنائیں ۔سبسڈائزڈ کھاد کا پنجاب میں وافر سٹاک موجود ہے۔ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ وقت پر مکمل کئے جائیں۔غفلت اور تساہل پسندی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی محکمہ زراعت میں جگہ نہیں ہے۔ترقیاتی منصوبوں میں برقی انداز میں تیزی لانے کے لئے محکمہ زراعت کے ملازمین رات دن ایک کردیں۔انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کی کارکردگی معیاری اور مثالی ہونے سے ملکی معیشت میں غیر معمولی بہتری آئے گی۔فرض شناس اور دیانتدار افسران کی حوصلہ افزائی کرنا میرا فرض ہے۔مجھے ہر وہ ملازم عزیز ہے جو فرائض کی ادائیگی میں غفلت کا ہرگز مظاہرہ نہیں کرتا۔انہوں نے کہا کہ مقصد کے حصول کے لئے حرکت تیز اور سفر آہستہ کی روش ترک کرنا ہوگی۔ہم اسی وقت اپنی منزل پر پہنچ سکتے ہیں جب ہم میں کچھ کرنے کی تڑپ اور لگن موجود ہوگی۔اگر ہم نے کچھ کرنا ہے تو ہمیں اپنے بیدار اور توانا جذبات کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔جب سفر طویل ہو تو مسافر علی الصبح بیدار رہتا ہے۔

☆☆☆